عشرہ ذوالحجہ
کی فضیلت
شہلا رانی
By Shehla Rani
HAQUE
Coaching and Consulting
00966 503 370483

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذوالحجہ کے پہلے دس دنوں کی فضیلت

رمضان کے بعد عشرہ ذوالحجہ کی اللہ کے نزدیک بہت اہمیت ہے اور ان دنوں میں کیا گیا عمل اللہ کو باقی دنوں میں کیے گئے عمل سے زیادہ محبوب ہے اللہ تعالیٰ نے یہ دن ہمیں دیئے ہیں تو ہم ان دس دنوں کی ترتیب بنالیں تا کہ ہم زیادہ سے زیادہ اچھے کام کریں

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا

عرفہ کے دن کے سوا کوئی دن ایسا نہیں ہے جس میں اللہ تعالیٰ کثرت سے لوگوں کو جہنم کی آگ سے آزاد کرتے ہوں

(صحیح مسلم)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں

کوئی دن اللہ تعالیٰ کے ہاں ان دس دنوں سے زیادہ عظمت والا نہیں نہ ہی کسی دن کا عمل اللہ تعالیٰ کو ان دس دنوں کے عمل سے زیادہ محبوب ہے پس تم ان دس دنوں میں تہلیل (لا الہ الا اللہ) اور تکبیر (اللہ اکبر) اور تحمید (الحمد للہ) کثرت سے کہو (مسند احمد)

ان دس دنوں میں کیے جانے والے اعمال اللہ تعالیٰ کو دوسرے دنوں کی نسبت زیادہ محبوب ہیں آپ ﷺ نے فرمایا

کسی بھی دن میں کیا ہوا نیک عمل اللہ تعالیٰ کو ان دس دنوں میں کیے ہوئے عمل سے زیادہ محبوب نہیں ہے صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ کیا جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں مگر وہ شخص جو اپنے جان اور مال کے ساتھ نکلے اور کوئی بھی چیز واپس لے کر نہ آئے۔

(ابو داود)

ذوالحجہ کے دس دنوں میں کرنے کے کام

نماز

☆۔ نماز۔ اول وقت میں ادا کرنا

☆۔ خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کرنا

☆۔ ہر رکعت میں مختلف سورتیں پڑھنا

☆۔اشراق وچاشت (ضحی) اور الاوبین کے نوافل پڑھنا

☆۔تہجد میں لمبی قرات کرنا

☆۔مردوں کا مسجد میں نماز ادا کرنا

روزہ

أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ " صِيَامُ يَوْمِ عَرَفَةَ إِنِّي أَحْتَسِبُ عَلَى اللَّهِ أَنْ يُكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِي قَبْلَهُ وَالسَّنَةَ الَّتِي بَعْدَهُ "

نبی ﷺ نے فرمایا کہ میں اللہ سے اُمید کرتا ہوں کہ عرفہ کے دن کا روزہ ایک سال پہلے اور ایک سال بعد کے گناہوں کو مٹا دے گا

☆۔نو ذالحجہ کا روزہ رکھنا

☆۔زیادہ سے زیادہ نفلی روزے رکھنا

☆۔پیر اور جمعرات کا روزہ رکھنا

☆۔قضا شدہ روزے رکھنا

قرآن مجید

☆۔ قرآن کی بکثرت تلاوت کرنا

☆۔ مختلف قرآء کی تلاوت سننا

☆۔ نئ سورتیں حفظ کرنا

☆۔ حفظ کی دہرائی کرنا

☆۔ قرآن مجید کا ترجمہ و تفسیر سننا یا پڑھنا

☆۔ معنی پر غور و فکر کرنا

☆۔ دوسروں تک قرآن کا پیغام پہنچانا

☆۔ قرآن کو تجوید کے ساتھ پڑھنا اور سیکھنا

☆۔ رات کو سونے سے پہلے سورۃ الملک اور سورۃ السجدہ کی تلاوت کرنا

☆۔ سورۃ البقرۃ کی روز تلاوت کرنا

☆۔ عشرہ ذوالحجہ میں ایک قرآن کی مکمل تلاوت کرنا

ذکرودعا

☆۔ تہلیل (لا الہ الا اللہ) و تکبیر (اللہ اکبر) و تمحید (الحمد للہ) کا اہتمام کرنا

☆۔ صبح و شام کے اذکار کرنا

☆۔ استغفار کی کثرت کرنا

☆۔ درود پڑھنا

☆۔ مقبول اوقات میں دعائیں مانگنا خصوصا عرفہ کے دن

☆۔ نئی دعائیں یاد کرنا مثلاً سو کر اٹھنے، باتھ روم میں داخل ہونے اور نکلنے، گھر سے نکلنے اور واپس آنے، سواری پر بیٹھنے، کھانا شروع کرنے اور ختم کرنے کی دعائیں یاد کرنا

☆۔ اپنے وقت کی پلاننگ کرنا کہ زیادہ سے زیادہ اللہ سے دعائیں کی جائیں

☆۔ چلتے پھرتے دعائیں مانگنا

☆۔ رات کو سونے سے پہلے اپنا محاسبہ کرنا کہ آج کے دن میں نے کیا، کیا ہے

☆۔ اللہ کے سامنے اپنی غلطیوں کا اعتراف کرنا

☆۔روروکراورگڑگڑاکردعائیں مانگنا

☆۔اللہ کے سامنے عاجزی کا اظہار کرنا

☆۔کثرت سے تکبیرات کہنا خصوصاً ہر نماز کے بعد

صدقہ و خیرات کرنا

☆۔زکوۃ کی ادائیگی کا اہتمام کرنا

☆۔ضرورت سے زیادہ چیزیں صدقہ کرنا

☆۔کوئی پسندیدہ ترین چیز اللہ کے راستے میں دینا

☆۔اولاد، رشتے دار دوست احباب اور بیوی بچوں پر خرچ کرنا

☆۔اور اگر ممکن ہو تو روزانہ غریبوں میں کھانا تقسیم کرنا

☆۔صلہ رحمی کرنا

☆۔کسی کا قرض اتار دینا

☆۔اگر کوئی مشورہ مانگے تو اچھا مشورہ دے دینا

☆۔پرندوں اور جانوروں کے لیے پانی اور کھانے کا انتظام کرنا

خدمت خلق

☆۔رشتے داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرنا

☆۔پڑوسیوں کا خیال رکھنا

☆۔ضرورت مندوں کی مدد کرنا

☆۔دین کی تعلیم و تبلیغ میں حصہ لینا

☆۔بھلائی کے کاموں میں حصہ لینا

☆۔ضرورت مند بیمار کا علاج کروادینا

☆۔ضرورت مند رشتے داروں کی مدد کرنا

☆۔یتیموں کی سرپرستی کرنا

☆۔ محلے / بستی کے بہبود کے کاموں میں حصہ لینا

☆۔ جھگڑا کرنے والوں کے درمیان صلح کروانا

☆۔غصہ پر قابو پانا

عید و قربانی

☆۔ قربانی تک ناخن اور بال نہ کاٹنا

☆۔ عید کے دن کی سنتوں پر عمل کرنا

☆۔ عید کی نماز کا اہتمام کرنا

☆۔ رشتے داروں سے ملاقات کرنا

☆۔ قربانی کرنا

☆۔ قربانی کا گوشت خود کھانا اور دوسروں کو کھلانا

متفرقات

☆۔ نیکی کا کوئی موقع ضائع نہ کرنا

☆۔ بے مقصد باتوں اور کاموں سے پرہیز کرنا

☆۔ گناہوں سے بچنا

☆۔ غصہ نہ کرنا

☆۔ وعدہ پورا کرنا

☆۔ نیکی کا حکم دینا بُرائی سے روکنا

☆۔ راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانا

☆۔ سلام کو پھیلانا

☆۔ سنتوں کو پھیلانا

دنیا کے سب سے بہترین دن

اَنَّ رسول اللہ ﷺ قال افضل ایام الدنیا العشر یعنی عشر ذی الحجہ

(صحیح الترغیب والترھیب)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دنیا کے دنوں میں افضل ترین "دس دن" یعنی عشرہ ذوالحجہ ہیں

ان دنوں میں کیا گیا عمل سب سے افضل عمل

عَن النَّبِی صلَّی اللَّه عَلَیِه وَسَلَم اَنَّه قَالَ مَا عَمَلٌ اَفضَلَ مَنه فِی هَذِہ الاَیَّام یَعنِی اَیَّامَ اَلعَشرِ

(مسند احمد:3139)

نبی صلی اللہ ﷺ نے فرمایا: ان دنوں میں کیے گے عمل سے افضل عمل کوئی عمل نہیں۔
یعنی عشرہ ذوالحجہ

تکبیرات

اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ وَلِلَّهِ الْحَمْدُ

Allahu Akbar, Allahu Akbar, La Ilaha Ilallahu
Wallahu Akbar, Allahu Akbar, Wa Lillahil Hamd

"اللہ سب سے بڑا ہے، سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے،
اللہ سب سے بڑا ہے اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔"

اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا وَسُبْحَانَ اللَّهِ بُكْرَةً وَأَصِيلاً

Allahu Akbaru kabira wal-hamdu Lillahi kathira, wa
subhan-Allahi bukratan was asila

"اللہ سب سے بڑا ہے، بہت بڑا ہے، اللہ کے لیے بہت زیادہ تعریف ہے اور صبح اور شام
اللہ کے لیے پاکیزگی ہے"

(صحیح مسلم:1358)

Takbirat

اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ وَلِلَّهِ الْحَمْد

Allahu Akbar, Allahu Akbar, La Ilaha Ilallahu
Wallahu Akbar, Allahu Akbar, Wa Lillahil Hamd

"Allah is the greatest, Allah is the greatest. There is no deity besides Allah and Allah is the greatest. Allah is the greatest and all praises are for Allah only."

اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا وَسُبْحَانَ اللَّهِ بُكْرَةً وَأَصِيلاً

Allahu Akbaru kabira wal-hamdu Lillahi kathira, wa subhan-Allahi bukratan was asila

"Allah is Most Great and much praise be to Allah and glorified be Allah at the beginning and end of the day"

(Sahi muslim 1358)

For updates, suggestions and/or comments please contact us on the following:

- Mohammad Abdur Rasheed
  - Mobile + Whatsapp: +1 (647) 462-7454
  - Email: mohammadrasheed97@gmail.com
- Jad Ul Haque
  - Mobile + Whatsapp: +966546606692
  - Telegram: @jadulhaque
  - Email: jadulhaque@gmail.com
- Azka Abdur Rasheed
  - Email: azka.a.rasheed@gmail.com
- For other documents (surahs and duas) please visit the following link: https://archive.org/details/@shehla_rani